کتنا وہ ارجمند تھا میرِ معاویہ

(منقبت سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ)

زیرک تھا عقلمند تھا میرِ معٰویہ
یوں سب کو وہ پسند تھا میرِ معٰویہ

راشد تھا، راشدین کے تابع تھا وہ ولی
ہاں، دیں پہ کاربند تھا میرِ معٰویہ

جتنے بھی زندگاں تھے، صحابہ، رسول کے
ان سب سے تو دو چند تھا میرِ معٰویہ

عدل و سخا، سیاست و تدبیرِ سلطنت
ہر اک میں سربلند تھا میرِ معٰویہ

صورت میں وہ امیر تھا اصلاً فقیر تھا
سیرت میں یوں بلند تھا میرِ معٰویہ

میرِ سپہ تھا رزم میں، تو بزم میں امیر
سب جانتا وہ پند تھا میرِ معٰویہ

بس چند دنوں میں شورشِ اعراب ختم کی
اک دین کی کمند تھا میرِ معٰویہ

نقشہ بدل کے رکھ دیا بحر و زمین کا
اتنا تو فتح مند تھا میرِ معٰویہ

بوبکر و عمر و حضرتِ عثماں کا معتمد
کتنا وہ ارجمند تھا میرِ معٰویہ